REFLECTIONS

ADMISSION TEST PAPER 2024-25
SUBJECT: URDU
CLASS: 5

Name:	Duration: 30 min
Date:	Marks Obtained: /25

سوال نمبر ا۔ عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (/۸)

ناریل کا درخت ایک ایسا کارآمد درخت ہے جس کے ہر حصے کو انسان اپنے استعمال میں لا سکتا ہے۔ اس درخت کا پھول، پھل کا چھلکا، درخت کے پتّے، ٹہنیاں، تنا اور جڑوں میں سے کوئی ایسا حصّہ نہیں ہے جو انسان کے لیے کارآمد نہ ہو۔ یہ درخت دُنیا کے اُن علاقوں میں کثرت سے پایا جاتا ہے جہاں سورج کی تیز دھوپ کے ساتھ ساتھ سمندر کی نمکین ہوا بھی میسّر ہو۔ ہمارے ملک کے ساحلی علاقوں میں بھی اس کے درخت لگتے ہیں مگر سری لنکا، تھائی لینڈ، ملائیشیا، بنگلہ دیش، انڈونیشیا اور فلپائن میں اس کی پیداوار بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ان ملکوں میں لمبے لمبے ساحلی علاقے ہیں جہاں سال بھر سورج کی تپش اور بارشوں کا پانی میسّر ہوتا ہے۔ ایسی جگہوں پر ناریل بہت اچھی طرح پھلتا پھولتا ہے۔ ناریل غذائیت سے بھرپور ہوتا ہے۔ اس میں حیاتین، لحمیات اور کیلشیم بھی پایا جاتا ہے۔ تازہ پھل کا گودا نرم اور کھانے میں بہت مزیدار ہوتا ہے۔ ناریل کے اندر بہت مزیدار پانی بھی ہوتا ہے۔ خشک ناریل کو کاٹ کر زردے اور کئی دوسرے میٹھے کھانوں میں ڈالا جاتا ہے۔ ناریل کے پتّے خوبصورت ٹوکریاں، چٹائیاں اور ٹوپیاں بنانے کے کام آتے ہیں۔ ناریل کی لکڑی میز، کرسیاں، پلنگ اور دروازے کھڑکیاں بنانے کے کام آتی ہے۔ اس درخت کی جڑیں بھی بے کار نہیں جاتیں ان کو لوگ آگ جلانے کے لیے ایندھن کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ناریل سے تیل بھی نکالا جاتا ہے اور اسے کئی طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔

سوالات۔

ا۔ ناریل کس قسم کی جگہوں پر اچھی طرح پھلتا پھولتا ہے؟ (/۲)

____

____

SAMPLE PAPER

۲۔ کون کون سے ملکوں میں ناریل کثرت سے پیدا ہوتا ہے؟ (/۲)

۳۔ ناریل کے پتّوں کو کن طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے؟ (/۲)

۴۔ ناریل کے درخت کے کون سے حصّوں کو انسان اپنے کام میں لا سکتے ہیں؟ (/۲)

سوال نمبر ۲۔ دیے گئے واحد الفاظ کے جمع الفاظ لکھیے۔ (/۲)

تحفہ		ادب	
استاد		تکلیف	

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے۔ (/۲)

گرم		صبح	
غم		اچھائی	

سوال نمبر ۴۔ دیے گئے مذکر کے مونث لکھیے۔ (/۴)

مرد		مرغا	
نوکر		بندر	

SAMPLE PAPER

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل عنوان پر اشارات کی مدد سے (۱۵۰) الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ (/۱۰)

"میرا پسندیدہ کھیل"

۱۔ کون کون سے کھیل کھیلے جاتے ہیں؟ کھیل ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہیں؟

۲۔ آپ کو کون سا کھیل پسند ہے؟ کب اور کس کے ساتھ کھیلتے ہیں؟

۳۔ احتیاط سے نہ کھیلنے کی وجہ سے کیا نقصانات ہو سکتے ہیں؟

۴۔ ان نقصانات سے بچنے کے لیے آپ کیا مشورہ دیں گے؟

SAMPLE PAPER